# ماڈل پیپر اسلامیات اختیاری۔ دہم

## حصہ۔ الف

**وقت:** 20منٹ　　**نمبر:** 15

1۔ اللہ تعالیٰ ایک ہے اور کوئی اس کا شریک نہیں: اس بات پر ایمان لانا کہلاتا ہے:
الف) عقیدۂ تقدیر　ب) عقیدۂ رسالت　ج) عقیدۂ توحید　د) عقیدۂ ختم نبوّت

2۔ فرشتوں میں سے سب سے مقرب فرشتہ ہے:
الف) حضرت جبرائیل علیہ السلام　ب) حضرت اسرافیل علیہ السلام　ج) حضرت عزرائیل علیہ السلام　د) حضرت میکائیل علیہ السلام

3۔ مسلمانوں پر رمضان المبارک کے روزے فرض کئے گئے:
الف) سن ایک ھجری میں　ب) سن دو ھجری میں　ج) سن چھ ہجری میں　د) سن آٹھ ہجری میں

4۔ زکوٰۃ کی فرضیت کے لئے سونا (گولڈ) کا نصاب ہے:
الف) ڈھائی تولے　ب) ساڑھے تین تولے　ج) ساڑھے پانچ تولے　د) ساڑھے سات تولے

5۔ 'ان کا اخلاق قرآن تھا' نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ الفاظ ارشاد فرمائے تھے:
الف) حضرت خدیجہؓ نے　ب) حضرت عائشہؓ نے　ج) حضرت حفصہؓ نے　د) حضرت زینبؓ نے

6۔ اَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کی صفت کا ذکر ہے:
الف) حفاظت کرنے والا　ب) ہر چیز کا جاننے والا　ج) پیدا کرنے والا　د) ہمیشہ زندہ رہنے والا

7۔ حدیثِ حسن کی اقسام ہیں:
الف) دو　ب) تین　ج) چار　د) چھ

Result.pk

8۔ امام عبدالرحمن بن شعب نے تالیف کی ہے:
الف) سنن ترمذی　ب) سنن ابن ماجہ　ج) سنن ابی داؤد　د) سنن نسائی

9۔ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٍ: حدیثِ مبارکہ کے مطابق جنت میں داخل نہ ہوگا:
الف) جھوٹ بولنے والا　ب) دھوکہ دینے والا　ج) قطع رحمی کرنے والا　د) گالی دینے والا

10۔ بوعلی سینا پیدا ہوئے:
الف) سن 890ء میں　ب) سن 980ء میں　ج) سن 1080ء میں　د) سن 1098ء میں

11۔ مسلمان کیمیادان جابر بن حیان نے معدنیات کے موضوع پر کتابیں تصنیف کیں:
الف) تین　ب) چار　ج) پانچ　د) چھ

12۔ سب سے پہلے بیت المال قائم کیا:
الف) حضرت ابوبکرؓ نے　ب) حضرت عمرؓ نے　ج) حضرت عثمانؓ نے　د) حضرت علیؓ نے

13۔ دو ممالک جو "معائدہ بغداد" میں شامل تھے:
الف) پاکستان اور شام　ب) پاکستان اور ترکی　ج) ترکی اور اردن　د) عراق اور شام

14۔ جملہ فعلیہ کی مثال ہے:
الف) طَلَعَ الْقَمَرُ　ب) الكتاب جديد　ج) هذا رجل صادق　د) المسجد بيت الله

15۔ وہ مرکب جو مضاف، مضاف الیہ اور حروفِ اضافت کو ملا کر بنایا جائے، کہلاتا ہے:
الف) مرکب توصیفی　ب) مرکب عددی　ج) مرکب اضافی　د) مرکب عطفی

**وقت:** 2 گھنٹے 40 منٹ | **سیکشن۔ب** | **نمبر:** 36

سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل میں سے صرف **9** سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر سوال کے **4** نمبر ہیں۔

i سورۃ الاخلاص کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی چار صفات کی وضاحت کریں۔

ii انبیاء کرام علیہم السلام کی چار مشترکہ خصوصیات تحریر کریں۔

iii زکوٰۃ واجب ہونے کی چار شرائط تحریر کریں۔

iv عقیدۂ ختمِ نبوت سے کیا مراد ہے؟ ختم نبوت سے متعلق ایک آیت کریمہ اور ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔

v **هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کی صفات کی وضاحت کریں۔**

vi جمع حدیث اور تدوین حدیث کا کیا مطلب ہے؟ عہدِ نبوی میں حفاظتِ حدیث کے دو طریقوں کی وضاحت کریں۔

vii قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "ألا أنبئكم بأكبر الكبائر؟" قلنا: بلى يا رسول الله: قال: "الإشراك بالله، وعقوق الوالدين" وكان متكئاً فجلس، فقال: "ألا و قول الزور و شهادة الزور" حدیثِ مبارکہ میں ذکر کردہ چار بڑے گناہ تحریر کریں۔

viii علمِ فلسفہ کی تعریف کریں۔ تین مشہور مسلمان فلسفیوں کے نام لکھیں۔

ix علم الکلام کی تعریف کریں۔ علم الکلام کے تین مسلمان ماہرین کے نام لکھیں۔

x تہذیب کا کیا مطلب ہے؟ اسلامی تہذیب سے کیا مراد ہے؟ اسلامی تہذیب کی دو خصوصیات کے نام لکھیں۔

xi پاکستان اور ترکی کی دوستی کے بارے میں چار نکات تحریر کریں۔

xii مرکب توصیفی اور مرکب عددی کی تعریف کریں۔ دونوں کی ایک ایک مثال بھی دیں۔

سیکشن۔ج

Result.pk

**نوٹ:** مندرجہ ذیل میں سے صرف **3** سوالات کے جوابات لکھیں۔ ہر سوال کے **8** نمبر ہیں۔

**نمبر:** 24

2۔ وَ مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ترجمہ کریں۔ اسلامی عبادات کی پانچ خصوصیات تحریر کریں۔ زکوٰۃ اور روزے کا ایک ایک فائدہ لکھیں۔

3۔ **هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ آیت کریمہ سے اسماء الحسنیٰ کی وضاحت کریں۔**

4۔ تَجِدُ مِن شَرِّ النَّاسِ يَومَ القِيامَةِ عِنْدَ اللهِ ذا الوَجْهَيْنِ، الذي يَأْتِي هَؤُلاءِ بوَجْهٍ، وهَؤُلاءِ بوَجْهٍ ترجمہ کریں۔ حدیثِ متواتر میں پائی جانے والی چار شرائط لکھیں۔

5۔ سب سے بڑے اسلامی ملک کا نام لکھیں۔ مسلم ممالک میں غیر مسلموں کو حاصل حقوق تحریر کریں۔